کیا ہے اور اس کے وسیع تقاضوں کو پورا کرنا کس طرح ممکن ہے ۔ زمین یا دولت کی ایسی بہت بڑی انفرادی ملکیتیں جو فسادِ اخلاق، ظلم، اغوا، جتھابندی، غنڈہ گردی، دولت اور زیرنگیں افراد کے ذریعے سیاست میں ضرررساں دخل اندازی اور جمہوریت کی رُوح کی تباہی کا سبب بن جائیں ۔ ان کے متعلق کیا مؤثر اقدامات کیے جاسکتے ہیں ۔ بنکنگ بلا سُود کا بالکل پاک صاف نظام کیا ہوسکتا ہے ۔ وغیرہ!

بہ ثبت کام اگر ہم کتاب و سنّت کی پوری پابندی کے سامنے کسی قدر اجتہادی دنہ کہ انحرافی یا باغیانہ) نقطۂ نظر سے کرسکیں تو اس کی بنیاد پر دوسرے تمام فلسفوں اور نظاموں کا مقابلہ کرنا زیادہ آسان ہے ۔ ایسی کچھ باتیں مہر محمد نواز خاں کے ہاں بھی ہیں؛ دوسرے معاشی مصنفین کے ہاں بھی، مگر ابھی وہ بات نہیں بنی کہ:

ع حالیا! غلغلہ در گنبدِ افلاک انداز

ماہنامہ ظرافت ایڈیٹر: ضیاالحق قاسمی (برادر عطاءالحق قاسمی) ۔ اہم شخصیتوں کی مجلسِ مشاورت ۔ مقام: ۱۰۰/ اسحٰق آباد، سرشاہ محمد سلیمان روڈ، لیاقت آباد، کراچی ۔ کوڈ نمبر ۷۵۹۰۰ ۔ فی پرچہ: ۷/ روپے ۔ سالانہ ۷۰/ روپے۔

قابلِ داد ہے ظرافت کا جواں سال ایڈیٹر جو بدلِ فند فتد و حرفِ قند قند جرم و تشدد، خیانت و انتقام اور خون اور آنسوؤں کے ماحول میں مسرت کے پھول بکھیرتا نکلا ہے ۔ جہاں مجالسِ ماتم کی آنکھوں میں آنسو ہیں، وہاں اس کے دَم سے لبوں پر تبسم رقصاں ہے ــــ آگ پانی کا کھیل ہے ۔ ایک گذارش! اہلِ ظرافت اگر معاصرین سے دست و گریباں ہوجائیں اور ہر پرچے کے ہر گوشے میں اسی لپاڈگی کے تذکرے ہوں تو بی بی ظرافت کو دمہ ہوجاتا ہے ۔ ذرا بچ کے!

ہفت روزہ قیامت مدیر اعلیٰ ظفر اعوان ۔ دفتر اشاعت: نزد چونگی ۲۰۔ اڈیالہ روڈ ۔ راولپنڈی ۔ فی پرچہ ۷/ روپے ۔ سالانہ: ۳۲۰/ روپے ۔ معلومات کا دائرہ وسیع ۔ ملکی اور غیر ملکی خبریں ۔ بیانات، رپورٹیں، تبصرے اور مزاج ۔ قدرے اپوزیشن کی طرف میلان ۔